**وضاحت:** اِس تعریف میں 4 چیزیں بیان ہوئی ہیں اور نیک عمل میں ان 4 چیزوں کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ **(1): اذانِ فجر کے بعد جگانا:** اس سے پہلے نہ جگایا جائے **(2): جماعت سے پہلے جگانا:** یاد رکھیے! نیک عمل و دینی کام یہ ہے کہ جماعت سے پہلے جگایا جائے۔ کیونکہ اَصْل مقصد ہے: نیکی پر مدد کرنا اور مسجدیں آباد کرنا۔ یہ مقصد پُورے طور پر تبھی حاصِل ہو گا جبکہ جماعت سے پہلے جگائیں تاکہ لوگ مسجد میں پہنچ کر باجماعت نماز ادا کر سکیں، البتہ اگر جماعت کے بعد بھی کسی ایسے شخص کو سوتا دیکھیں جس نے ابھی نماز نہیں پڑھی تو جگا دیں، ثواب ملے گا **(3): تنظیمی دائرے میں رہتے ہوئے جگانا:** یعنی جو کچھ تنظیمی اُصُول وضوابط اور احتیاطیں ہیں، ان کا لحاظ رکھ کر فجر کے لیے جگائیں **(4): شرعی دائرے میں رہتے ہوئے جگانا:** یعنی جگانے کا ہر وہ طریقہ جو شرعًا درست نہ ہو، اُس سے بچنا۔ مثلاً ۞ میگا فون کا استعمال نہ کریں ۞ بعض لوگ رمضان کریم میں سحری کے لیے ڈھول وغیرہ بجا کر جگاتے ہیں ۞ اُونچی آواز میں قوالیاں وغیرہ چلا کر جگاتے ہیں، یہ درست نہیں، اس سے لوگوں کو تکلیف ہو سکتی ہے، چھوٹے بچے ان کی آواز سے اُٹھ جاتے ہیں، بوڑھے اور بیمار افراد کو تکلیف پہنچ سکتی ہے ۞ غرض ہر وہ انداز جو دوسروں کی تکلیف کا سبب بن سکتا ہو۔ اس سے بچ کر ہی جگایئے۔

## آیت مبارکہ

اللہ پاک نے فرمایا:

| | |
|---|---|
| وَ اْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَ اصْطَبِرْ عَلَیْهَا<br>(پارہ:16، سورۂ طٰہٰ:132) | تَرجَمۂ کَنزُالعِرفَان: اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور خود بھی نماز پر ڈٹے رہو۔ |

ایک قول کے مطابق آیتِ مبارکہ میں **اہل** سے تمام مسلمان مراد ہیں۔[1] آیت کا مطلب یہ ہوا کہ ہر شخص کو چاہیے! خود بھی نماز پڑھے اور دوسرے مسلمانوں کو بھی نماز کی دعوت دے۔

1... تفسیر رازی، پارہ:16، سورۂ طٰہٰ، تحت الآیۃ:132، جلد:8، صفحہ:115۔

## پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم فجر کے لیے جگاتے

❁ جب یہ آیتِ مبارکہ نازل ہوئی، تو رسولِ ذیشان، مکی مدنی سلطان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم روزانہ فجر کے وقت حضرت علی المرتضی رَضِیَ اللّٰہُ عنہ کے دروازے پر تشریف لے جاتے اور فرماتے: اَلصَّلَاۃُ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ۔ یعنی اللہ پاک تم پر رحم فرمائے، نماز پڑھو...![1] ❁ حضرت ابو بَکْرَہ رَضِیَ اللّٰہُ عنہ فرماتے ہیں کہ میں پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ نمازِ فجر کے لیے نکلا، (راستے میں) آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سوئے ہوئے افراد کو نماز کے لیے آواز دیتے یا پاؤں سے ہلاتے۔[2]

## نمازِ فجر کے لیے جگانے کے مُتَعَلِّق احکام و آداب

(1): نماز کے لیے جگانا ثواب کا کام ہے۔[3] (2): اگر کوئی شخص نماز کے وقت سو رہا ہے، اس کے بارے میں ظنِّ غالب ہے کہ اگر اسے جگایا جائے تو یہ اُٹھ کر نماز پڑھ لے گا تو اسے جگانا واجب ہے۔[4]

(3): نمازِ فجر کے لیے بہت زیادہ پہلے نہ جگایا جائے بلکہ ایسے وقت جگایئے کہ استنجاء، وضو وغیرہ کر کے اور سنّتیں پڑھ کر تکبیرِ اولیٰ میں شامل ہو سکیں۔[5]

## فجر کے لیے جگانے کے فائدے

❁ **فجر کے لیے جگانے** کی برکت سے خود اپنی نماز کی حفاظت ہوتی ہے ❁ **فجر کے لیے جگانے** کی برکت سے مسجد کی پہلی صف میں تکبیرِ اُولیٰ کے ساتھ نمازِ فجر کی ادائیگی کی سعادت نصیب ہو سکتی ہے۔ ❁ **فجر کے لیے جگانے** کی برکت سے جتنے لوگ نماز پڑھیں گے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! ان سب کی نمازوں کا بھی ثواب ملے گا ❁ **فجر کے لیے جگانے** کی برکت سے مسجدیں آباد ہوتی ہیں ❁ **فجر کے لیے جگانے** کی برکت سے نیکی کی دعوت دینے کا ثواب بھی نصیب ہوتا ہے۔ **روایات میں ہے:** ❁.. جو نیکی کے کاموں کی دعوت دے،

---

1 ... تاریخ ابنِ عساکر، جلد: 42، صفحہ: 136۔
2 ... ابو داود، کتاب الصلاۃ / التطوع، باب الاضطجاع بعدھا، صفحہ: 208، حدیث: 1264۔
3 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 5، صفحہ: 378۔
4 ... بہارِ شریعت، جلد: 1، صفحہ: 701، نماز کے احکام، صفحہ: 332، ملتقطاً۔
5 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 5، صفحہ: 378۔

